ہاؤ

U.S. Department of Justice
Civil Rights Division

سنگ اور شہری حقوق کے نفاذ کا سیکشن
justice.gov/crt/housing-and-civil-enforcement-section

اپنے حقوق کو

جانیے

۱۹۶۴ کے شہری حقوق کے ایکٹ کا ٹائٹل ٹو:

پبلک ایریا میں غیر امتیازی سلوک

وفاقی شہری حقوق کا قانون - ۱۹۶۴ کے شہری حقوق کے ایکٹ کا ٹائٹل ٹو- عوامی جگہوں پر لوگوں کے ساتھ درجہ ذیل کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرنے سے منع کرتا ہے -

- نسل
- رنگ
- قومیت
- مذہب

پبلک ایریا ، ذاتی ملکیت کی جگہیں ہوتی ہیں جو عام عوام کی خدمت کے لیے کھلی ہوتی ہیں جس میں ریسٹورنٹ، ہوٹل، پیٹرول پمپ اور نمائشی یا تفریحی مقامات (مثلاً بار جہاں موسیقی بھی ہو، کھیلوں کے اسٹیڈیم یا سینیما گھر). ٹائٹل ٹو عوام کے لیے کھلے تمام کاروبار کا احاطہ نہیں کرتا، مثال کے طور پر، ریٹیل اسٹو رز اس میں شامل نہیں ہیں جن میں پبلک ایریا نہیں ہوتے جہاں گاہک کھانا خرید کر وہاں کھا سکیں -

ٹائٹل ٹو کے مطابق آپکے شہری حقوق

- آپکو حق حاصل ہے کہ آپ کسی بھی پبلک ایریا میں اشیاء، سہولیات، آسائشیں ،مراعات، مفادات اور انتظامات کو بھر پور اور برابری سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں-
- محض نسل، رنگ، قومیت یا مذہب کی بنیاد پر ایک پبلک ایریا میں موجود جگہیں آپکے ساتھ دوسروں کے مقابلے برا سلوک نہیں کر سکتیں -
- اگر آپ کو لگے کہ ایک پبلک ایریا کی جگہ پر آپ کے ساتھ امتیازی سلوک ہوا ہے تو آپکو حق حاصل ہے کہ آپ قانونی طور پر مقدمہ کر سکتے ہیں - ٹائٹل ٹو آپ کواجازت دیتا ہے کہ امتیازی سلوک کو روکنے کے لیے آپ عدالت کے احکامات لے سکتے ہیں۔ ٹائٹل ٹو کے تحت آپ مالی نقصان کا ازالہ نہیں کرسکتے-
- اگر امتیازی سلوک کا طریقہ کار عام بن جائے یا اس کا تسلسل پایا جائے تو وہاں شہری حقوق کا شعبہ

ہم سے رابطہ کریں

اگر آپکو ایسا لگتا ہے کہ نسل، رنگ، مذہب یا قومیت کی وجہ سے آپکو پبلک ایریا میں جا نے کی اجازت نہیں یا برابری سے لطف اندوز نہیں ہو سکتے اور یہ امتیازی سلوک عام طریقہ کار یا معمول بن گیا ہے ، تو آپ جسٹس ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں:

فون کے ذریعے:
202-514-4713یا
800-896-7743,

ایمیل کے ذریعے:
fairhousing@usdoj.gov,

یا

ہمارا آن لائن پور ٹل
civilrights.justice.gov.

آپکے لیے ٹائٹل ٹو کامقدمہ کر سکتی ہے ۔

ہاؤ سنگ اور شہری حقوق کے نفاذ کا سیکشن

justice.gov/crt/housing-and-civil-enforcement-section

U.S. Department of Justice

Civil Rights Division

ٹائٹل ٹو کے نفاذ کی مثالیں

- ہوٹل اور اسپورٹس بار میں آبائی امریکی صارفین کے ساتھ امتیازی سلوک

ریاستہائے متحدہ امریکہ بل مقابل ریٹسل کارپوریشن (۲۰۲۳) میں ڈویژن نے ہوٹل اور بار کے مالکان کو کھلے عام یہ کہنے پر مقدمہ دائر کر دیا کہ آبائی امریکیوں کوان کی پراپرٹی پر آنے کی اجازت نہیں اور جن آبائی امریکیوں نے ہوٹل کا کمرہ کرایہ پر لینے کی کوشش کی ان کو دینے سے منع کر دیا ۔ تصفیہ کے مطابق یہ ضروری ہے کہ مالکان غیر امتیازی رویے کی پالیسی اختیار کریں، مالکان میں سے ایک کو کمپنی کی قیادت کرنے یا ہوٹل کے انتظام کو سنبھالنے سے چار سال کے لیے روکا گیا ، اور مالکان سے مطالبہ کیا کہ وہ ساؤتھ ڈیکوٹا اور گریٹ پلینز کے علاقے میں قبائلی تنظیموں سے عوامی معافی نامہ جاری کریں۔

- اسپورٹس بار میں نسل اور قومیت کی بنیاد پر داخلے کے ممنوع طریقے اورحوصلہ شکنی

ریاستہائے متحدہ امریکہ بل مقابل جاراہ (۲۰۱۸)، ڈویژن نے ایک سپورٹس بار کو داخلے کے امتیازی طریقے استعمال کرنے پر مقدمہ دائر کردیا۔ اسپورٹس بار کے مالکان نے ملازمین کو واضح طور پر ہدایت کی کہ وہ سیاہ فام، ہسپانوی، اور اشیائی نژاد امریکی صارفین کو داخلہ دینے سے انکار کریں۔ اور یہ   ہدایت نسلی گالیاں استعمال کرتے ہوئے جاری کی۔ تصفیہ کے تحت مالکان کو اس بات کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا کہ بار کے ملازمین ٹائٹل ٹو کے امتیازی سلوک کی مخالف دفعات پر عمل کریں۔ تصفیہ میں مالکان سے یہ بھی مطالبہ کیا گیا کہ وہ ایک ایسا نظام قائم کریں جس کے تحت وہ امتیازی سلوک کی شکایات وصول کریں اور ان کی تحقیق کریں۔

- قومیت کی بنیاد پر ہوٹل نے سالانہ کنونشن کہ میزبانی کی پیشکش کو منسوخ کر دیا

شامی-لبنانی نژاد امریکی کلبوں کہ مڈویسٹ فیڈریشن نے شکا یت کی کہ میریٹ انٹرنیشنل نے ۱۱ ستمبر ۲۰۰۱ کی سہ پہر کو ٹائٹل ٹو کہ خلاف ورزی کی ۔جب میریٹ نے ڈیمو ئن میں مڈوسٹ فیڈریشن کے ۲۰۰۲ کے سالانہ کنوینشن کی میزبانی کے لیے اپنی سابقہ پیشکش کو منسوخ کر دیا۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ کے ساتھ ایک سمجھوتے میں میریٹ نے اپنے طرزِ عمل کے لئے ایک رسمی تحریری معافی نامہ جاری کرنے اور دیگر چیزوں کی پیشکش پر   اتفاق کیا۔

یہ   صورت حال بھی ٹائٹل ٹو کی خلاف ورزی کر سکتیں ہیں :

- ایک ہوٹل سیاہ فام مہمانوں سے سفید فام مہمانوں   کی نسبت زیادہ قیمت وصول کرتا ہے یا سیاہ فام مہمانوں کو پر آسائش کمرے کرائے پر دینے سے انکار کرتا ہے جبکہ سفید فام مہمانوں سے ایسا نہیں کرتا۔
- ایک بار نے سکھ صارفین کو اس لیے روکا کہ وہ پگڑ یاں باندھے ہوئے ہیں۔ بار نے ان صارفین کو بتایا کہ سر پے   صرف بیس بال اور کاؤ بوائے کی ٹوپیاں پہننے کی اجازت ہے۔
- ایک پبلک بیچ کلب   اپنے اراکین کو مشورہ دیتا ہے کہ کلب یہودیوں کو داخلہ نہیں دیتا اور یہ کہ اراکین یہودی مہمانوں کو کلب کی سہولیات استعمال کرنے کے لئے مدعو نہیں کر سکتے۔
- ایک ریسٹورنٹ میں اشیائی نژاد امریکی صارفین خدمت حاصل کرنے کے لیے گھنٹہ بھر انتظار کرتے ہیں ،جبکہ سفید فام صارفین کو معمول کے مطابق فوری کھانا پیش کیا جاتا ہے۔